تعارف وتبصرہ

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

(۱)

نام کتاب : تکمیلِ دُعا

مصنف : اشفاق الرحمٰن خان شیروانی

ضخامت : 112 صفحات ۔ قیمت:45روپے

ملنے کا پتہ:51/2ڈی بلاک ماڈل ٹاؤن لاہور فون:5884917

اشفاق الرحمٰن خان عمر رسیدہ بزرگ ہیں۔ مریض اور کمزور ہونے کے باوجود جواں ہمت ہیں۔ ان کا دل نصح و خیر خواہی کے جذبات سے مملو ہے۔ اسلامی تعلیمات کی نشر و اشاعت اُن کی پسندیدہ مصروفیت ہے۔ کئی کتابوں کے مصنف ہیں۔

دعا عبدیت کا جوہر اور عبادت کا مغز ہے۔ اللہ سے دعا کرنا عبادت اور اللہ کا حق ہے۔ قرآن مجید میں اللہ نے اپنے بندوں کو کچھ دعائیں سکھائی ہیں۔ اس کے علاوہ رسول اللہ ﷺ نے اُمت کو روحانی دولتوں کے جو خزانے عطا فرمائے ہیں اُن میں بیش قیمت خزانہ وہ دعائیں ہیں جو آپؐ نے مختلف اوقات میں خود اللہ تعالیٰ سے کیں یا اُمت کو ان کی تلقین فرمائی۔ تکمیلِ دُعا میں مصنف نے قرآن وحدیث سے روزمرہ کے مختلف اوقات کی مناسبت سے دعائیں منتخب کر کے درج کر دی ہیں۔ دعاؤں کے عربی الفاظ کے ساتھ ان کا ترجمہ بھی دیا گیا ہے تاکہ پڑھنے والا دعا کے مطلب اور مفہوم سے بھی واقف ہو۔ تمام دعائیں قرآن مجید اور مستند کتب احادیث سے لی گئی ہیں۔

کتاب کے آغاز میں آدابِ دعا اور دعا کے فضائل بھی درج ہیں۔ یہ کتاب ہر مسلمان کے لیے مفید مطلب ہے۔ خاص طور پر یہ دعائیں بچوں اور بچیوں کو زبانی یاد کرا دینی چاہئیں تاکہ ساری عمر وہ انہیں پڑھتے رہیں اور یہ بات اُن کے لیے کارِ ثواب اور والدین کے لیے صدقہ جاریہ ہو۔